Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳۰ جمادی الثانی سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۲۶ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء جلد ۵۴

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱) منظوری توسیع بمدت ملازمت عالیمرتبت صاحبزادہ عبدالجلیل خاں بہادر ہوم منسٹر ۲

(۲) منظوری رخصت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم

(مثنوی) واقع ۱۱ر جولائی ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ عالی مرتبت صاحبزادہ عبدالجلیل خاں بہادر ہوم منسٹر کی مدت ملازمت میں بشرائط موجودہ ایک سال کی توسیع تاریخ ختم مدت سے منظور ہے۔ کاغذ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحبزادہ عبدالجلیل خاں صاحب بہادر ہوم منسٹر کی مدت ملازمت میں ایک سال کی توسیع بحکم اجلاس ہمایوں مصدرہ ۲ر جولائی ۱۹۳۰ء منظور فرمائی گئی تھی یہ مدت ملازمت نومبر ۱۹۳۱ء میں ختم ہو جائے گی۔ مزید ایک سال کی بابت ملازمت میں توسیع کے لئے حسب ایمائے ہمایوں گورنمنٹ سے درخواست کی گئی تھی۔ گورنمنٹ نے بشرائط موجودہ ایک سال کی توسیع تاریخ ختم مدت سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال بترقی باد

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۳ر جولائی ۱۹۳۱ء

بہ منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام مطلوبہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

۱۹ر جولائی ۱۹۳۱ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- (سوری) تاریخ ۲۴؍ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء

کاغذاتِ متعلقہ ملاحظہ ہوئے۔ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی رپورٹ ہے کہ ان کی صحت کئی ہفتہ سے خراب ہے۔ بغرض تشخیص کلکتہ جانے کے لئے حسب درخواست ان کی رخصت اتفاقیہ دس روز از ۲۴؍ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء منظور کیجاتی ہے۔ عالی مرتبت صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر کو نینی تال سے رامپور واپس آنے کیلئے ٹیلیفون کر دیا گیا ہے۔ وہ اپنے کام کے علاوہ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام بھی انجام دیں گے۔ عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کو بھی تار دے دیا گیا ہے کہ وہ نینی تال سے رامپور پہونچ جائیں لہذا وہ اپنا کار متعلقہ انجام دیں گے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم